صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

سوموار 14 نومبر 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com

سوموار 14 نومبر 2016ء 13 صفر 1438 ہجری 14 نبوت 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 258

یہ فضل یہ کرم

ہائے کثرت مرے گناہوں کی
وائے کوتاہی میری آہوں کی
اس پہ فضل یہ کرم یہ رحم
کیا طبیعت ہے بادشاہوں کی

(کلام محمود)

ارشادات عالیہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ خطبہ جمعہ 26 نومبر 2004ء میں فرماتے ہیں:

دعاؤں اور صدقات کا آپس میں بڑا گہرا تعلق ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کا بندہ خالص ہو کر اس کے سامنے جھکتا ہے اور اس سے بخشش اور معافی طلب کرتا ہے تو وہ بھی اس پر رحم اور فضل کی نظر ڈالتا ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا یہ ارادہ ہے کہ اگر کوئی شخص توبہ، استغفار یا دعا کرے یا صدقہ خیرات دے تو بلا ردّ کی جائے گی۔

جب دعاؤں کے ساتھ صدقہ وخیرات کی طرف توجہ دیں یا صدقہ وخیرات کے ساتھ دعاؤں کی طرف توجہ دیں کیونکہ بعض لوگ صرف صدقہ کر دیتے ہیں وہ ان کو آسان لگتا ہے، نمازوں اور دعاؤں کی طرف توجہ کم ہوتی ہے، دونوں چیزیں اگر ملائیں تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل بہت تیزی سے فرماتا ہے۔ جیسا کہ مَیں نے کہا کہ بعض لوگ صدقہ وخیرات تو کر دیتے ہیں لیکن یہ ایک حصہ ہے اس حکم کا۔ ٹھیک ہے اللہ تعالیٰ مالک ہے، وہ اپنے بندے کو کسی بھی طرح نواز سکتا ہے، بخش سکتا ہے لیکن یہ بھی اس کا حکم ہے کہ میرے سارے احکام پر عمل کرتے ہوئے میرے سامنے جھکو اور میرے سے دعا مانگو کیونکہ میں لوگوں کی دعائیں سنتا ہوں۔ جیسا کہ وہ فرماتا ہے......(البقرۃ:187) کہ میں دعا کرنے والے کی دعا کا جواب دیتا ہوں جب وہ مجھے پکارتا ہے۔ لیکن بندے کا بھی یہ کام ہے کہ اس پکار کے ساتھ اُس طرح کرے جس طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ...... چاہئے کہ وہ بھی میری بات پر لبیک کہیں اور مجھ پر ایمان لائیں اور پھر اس کا نتیجہ کیا ہوگا؟...... کہ وہ ہدایت پا جائیں گے۔

پس اللہ تعالیٰ سے اس دعا کے رابطے کو قائم رکھنے کے لئے اور ہدایت پر قائم رہنے کے لئے، اس کے فضلوں کو ہمیشہ سمیٹنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے تمام احکامات پر عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ جب اس طرح دعاؤں کے ساتھ احکامات پر عمل کرتے ہوئے، صدقہ وخیرات پیش کر رہے ہوں گے، چندے دے رہے ہوں گے تو اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں کے مطابق ہماری دعائیں سنے گا بھی اور ان قربانیوں کو قبول بھی فرمائے گا۔ (الفضل 22 مارچ 2005ء)

خطبہ جمعہ 15 جون 2012ء میں فرماتے ہیں:

خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو صرف سطحی دعا نہیں کرتے بلکہ اللہ تعالیٰ پر کامل ایمان رکھتے ہوئے، یہ ایمان رکھتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ دعائیں قبول کرتا ہے اور پھر اس ایمان کے ساتھ مکمل طور پر ڈوب کر دعا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے کسی معاملے میں مدد اور رہنمائی چاہنی ہو، یا اپنی پریشانیوں کا حل کروانا ہو، یا خدا تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بننا ہو تو یہ سب باتیں اُسی وقت ہوتی ہیں جب اپنی تمام تر طاقتوں اور استعدادوں کے ساتھ خدا تعالیٰ کے آگے جھکا جائے، اُس کے حضور دعائیں کی جائیں۔ آج تک ہمارا یہی تجربہ ہے کہ پھر خدا تعالیٰ ایسی دعاؤں کو سنتا ہے، یا ایسی رہنمائی فرما دیتا ہے جو اگر دعا مانگنے والے کی خواہش کے مطابق نہ بھی ہو تب بھی تسلی اور تسکین کے سامان پیدا فرما دیتا ہے۔ (الفضل 22 اگست 2012ء)

خطبہ جمعہ حضور انور ایدہ اللہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ مورخہ 18 نومبر 2016ء سے پاکستانی وقت کے مطابق شام 6 بجے ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست نشر ہوا کرے گا۔ تمام احباب جماعت استفادہ فرمائیں۔

(ایڈیشنل نظارت اشاعت ایم ٹی اے پاکستان)

نماز تباہی سے بچاتی ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''یاد رکھو کہ اگر ٹکروں والی نماز ہزار برس بھی پڑھی جاوے تو ہرگز فائدہ نہ ہوگا۔ نماز ایسی شئے ہے کہ اس کے ذریعہ سے آسمان انسان پر جھک پڑتا ہے۔ نماز کا حق ادا کرنے والا یہ خیال کرتا ہے کہ میں مر گیا اور اس کی روح گداز ہو کر خدا کے آستانہ پر گر پڑی ہے۔ اگر طبیعت میں قبض اور بدمزگی ہو تو اس کے لئے بھی دعا ہی کرنی چاہئے کہ الٰہی تو ہی اسے دور کر اور لذت اور نور نازل فرما۔

جس گھر میں اس قسم کی نماز ہوگی وہ گھر کبھی تباہ نہ ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے کہ اگر نوح کے وقت میں یہ نماز ہوتی تو وہ قوم کبھی تباہ نہ ہوتی۔ حج بھی انسان کے لئے مشروط ہے روزہ بھی مشروط ہے۔ زکوٰۃ بھی مشروط ہے۔ مگر نماز مشروط نہیں۔ سب ایک سال میں ایک ایک دفعہ ہیں۔ مگر اس کا حکم ہر روز پانچ دفعہ ادا کرنے کا ہے۔ اس لئے جب تک پوری پوری نماز نہ ہوگی تو وہ برکات بھی نہ ہوں گی جو اس سے حاصل ہوتی ہے۔ اور نہ اس بیعت کا کچھ فائدہ حاصل ہوگا۔ اگر بھوک یا پیاس لگی ہو تو ایک لقمہ یا ایک گھونٹ سیری نہیں بخش سکتا۔ پوری خوراک ہوگی تو تسکین ہوگی اسی طرح ناکارہ تقویٰ ہرگز کام نہ آوے گا''۔

(بسلسلہ فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2016ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

فیض احمد فیض کے چند منتخب اشعار

رات یوں دل میں تیری کھوئی ہوئی یاد آئی
جیسے ویرانے میں چپکے سے بہار آ جائے
جیسے صحراؤں میں ہولے سے چلے بادِ نسیم
جیسے بیمار کو بے وجہ قرار آ جائے

دل رہین غم جہاں ہے آج
ہر نفس تشنہ فغاں ہے آج
سخت ویراں ہے محفل ہستی
اے غم دوست تو کہاں ہے آج

تو ہے اور اک تغافل پیہم
میں ہوں اور انتظار بے انداز

وقف حرمان و یاس رہتا ہے
دل ہے، اکثر اداس رہتا ہے
تم تو غم دے کے بھول جاتے ہو
مجھ کو احساں کا پاس رہتا ہے

اک تری دید چھن گئی مجھ سے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں باقی

اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

ویراں ہے میکدہ، خم و ساغر اداس ہیں
تم کیا گئے کہ رُوٹھ گئے دن بہار کے

یہ عہد ترک محبت ہے، کس لئے آخر
سکونِ قلب ادھر بھی نہیں اُدھر بھی نہیں

پھر کوئی آیا دل زار نہیں کوئی نہیں
راہرو ہو گا، کہیں اور چلا جائے گا
اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل کر لو
اب یہاں کوئی نہیں، کوئی نہیں آئے گا

وہ مرے ہو کے بھی مرے نہ ہوئے
ان کو اپنا بنا کے دیکھ لیا

زندگی کیا کسی مفلس کی قبا ہے جس میں
ہر گھڑی درد کے پیوند لگے جاتے ہیں

متاع لوح و قلم چھن گئی تو کیا غم ہے
کہ خون دل میں ڈبو لی ہیں انگلیاں میں نے
زباں پہ مہر لگی ہے تو کیا، کہ رکھ دی ہے
ہر ایک حلقہ زنجیر میں زباں میں نے

یہ داغ داغ اُجالا، یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا، یہ وہ سحر تو نہیں

ہم پرورش لوح و قلم کرتے رہیں گے
جو دل پہ گزرتی ہے رقم کرتے رہیں گے

تم آئے ہو نہ شب انتظار گزری ہے
تلاش میں ہے سحر، بار بار گزری ہے
وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا
وہ بات ان کو بہت ناگوار گزری ہے

اے خاک نشینو اُٹھ بیٹھو، وہ وقت قریب آ پہنچا ہے
جب تخت گرائے جائیں، جب تاج اچھالے جائیں گے
اب ٹوٹ گریں گی زنجیریں، اب زندانوں کی خیر نہیں
جو دریا جھوم کے اٹھے ہیں، تنکوں سے نہ ٹالے جائیں گے

رنگ پیراہن کا، خوشبو زلف لہرانے کا نام
موسم گل ہے تمہارے بام پر آنے کا نام
پھر نظر میں پھول مہکے، دل میں پھر شمعیں جلیں
پھر تصور نے لیا اس بزم میں جانے کا نام

روشن کہیں بہار کے امکاں ہوئے تو ہیں
گلشن میں چاک چند گریباں ہوئے تو ہیں

نثار میں تیری گلیوں کے اے وطن کہ جہاں
چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے
جو کوئی چاہنے والا طواف کو نکلے
نظر چرا کے چلے، جسم و جاں بچا کے چلے

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے
چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے
جو ہم پہ گزری سو گزری مگر شب ہجراں
ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

(انتخاب از نسخہ ہائے وفا۔ عبدالصمد قریشی)

محترم ڈاکٹر حبیب الرحمٰن صاحب

مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کی کردار کشی

مغربی مصنفین کے الزامات کا جواب۔ تاریخی حوالوں سے

حضرت مسیح موعودنے اورنگزیب عالمگیر کو اپنے وقت کا مجدد کہا ہے۔ لیکن مغربی تاریخ دانوں نے عالمگیر کو ایک ایسے بادشاہ کے طور پہ پیش کیا ہے جس نے تخت کے لالچ میں اپنے باپ کو قید کرایا، ایک بھائی کو قتل کروایا اور دوسرے کو دھوکے سے بلوایا اور پھر قید کروادیا۔ ان تاریخ دانوں کے مطابق عالمگیر ایک سخت متعصب مسلمان بادشاہ تھا جس نے ہندوؤں کے معبد گروائے اور اپنی غیر دور اندیشی کی بدولت دکن کی اسلامی ریاستیں مٹادیں۔ ان تاریخ دانوں نے عالمگیر کا جو کردار پیش کیا ہے اس کردار کا حامل شخص ایک مجدد تو کیا شریف آدمی کہلانے کا بھی حقدار نہیں ٹھہرتا۔

عالمگیر کے کردار کی حقیقت جاننے کیلئے ہمیں ان تاریخوں کا مطالعہ کرنا ہوگا جو یا تو عالمگیر کے زمانے میں لکھی گئی تھیں یا اس کے زمانے کے فوراً بعد غیر متعصب تاریخ دانوں نے لکھیں۔ عالمگیر نامہ میں کاظم شیرازی نے ابتدا سے دس برس تک کے حالات لکھے ہیں لیکن اس کا مسودہ عالمگیر کو دکھا کر لکھا جاتا تھا۔ اس وجہ سے اس کتاب کی تاریخی حیثیت پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ اسی طرح مستعد خان ساقی کی مآثر عالمگیری میں شروع کے دس برس کے حالات عالمگیر نامہ کے حوالے سے لکھے گئے ہیں۔ منتخب اللباب خافی خان نے عالمگیر کی وفات کے دس برس بعد لکھی۔ خافی خان کا باپ عالمگیر کی فوج میں شریک تھا اور بعد میں خود خافی خان عالمگیر کے عہدیداروں میں داخل ہو گیا تھا۔ ڈاکٹر برنیر نے ایک لمبا عرصہ تک پہلے شاہجہان اور پھر عالمگیر کے دور میں بہت قریب سے شاہی سیاست کا مطالعہ کیا اور اپنے چشم دید حالات بیان کئے ہیں۔ ان تاریخوں کے علاوہ فیاض القوانین میں ہندوستان اور ایران کے بادشاہوں کے خطوط ایک اہم دستاویز ہے۔ خاص طور سے اس میں مرزا مراد شجاع اور عالمگیر کے درمیان وہ خط و کتابت موجود ہے جو عین ان دنوں میں لکھے گئے تھے جب مراد عالمگیر کے ساتھ مل کر دارا شکوہ کے مقابلے پہ جانے کی تیاریاں کر رہا تھا۔ مولانا شبلی نعمانی نے اورنگزیب عالمگیر پر ایک نظر میں سیر حاصل بحث کی ہے۔

ذیل میں ہم ان تواریخ کی مدد سے ان الزامات کا جائزہ لیں گے جو مغربی مصنف عالمگیر پر لگاتے ہیں۔

شاہجہان کی قید

7 ذی الحجہ 1067ھ کو شاہجہان بیمار ہوکر کاروبار سلطنت سے معذور ہو گیا تو داراشکوہ نے موقع دیکھ کر عنان سلطنت اپنے ہاتھ میں لے لی۔ ان دنوں عالمگیر شاہجہان کے حکم سے گلبرگہ کے محاصرے میں مصروف تھا۔ جبکہ مراد بنگال اور شجاع گجرات کی حکومتوں پہ مامور تھے۔ داراشکوہ نے عنان سلطنت اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد سب سے پہلا کام یہ کیا کہ مراد، شجاع اور عالمگیر کے درباری سفیروں کو بلوا کر مچلکہ لیا کہ وہ دربار کی کوئی خبر باہر نہ بھیجنے پائیں۔ اس کے ساتھ ہی اس نے بنگال، گجرات اور دکن کے راستے بند کرادیئے تا کہ یہ خبر مسافروں کے ذریعے مراد، شجاع یا عالمگیر تک نہ پہنچ پائے۔ لیکن ایسی خبر کہاں رکتی تھی۔ جیسے ہی صوبوں میں خبر پہنچی تمام ملک میں بغاوت پھوٹ گئی۔ سب سے پہلے شجاع نے بنگال میں اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا۔ اسی طرح احمد آباد گجرات میں مراد نے اپنے نام کا سکہ وخطبہ جاری کر دیا۔ عالمگیر کو جو گلبرگہ کے محاصرے میں مصروف تھا اچانک محاصرہ ختم کرنا پڑا کیونکہ داراشکوہ نے عالمگیر کی فوج کے تمام افسروں کو شاہجہان کی طرف سے حکم بھیجا کہ محاصرہ چھوڑ کر دربار میں چلے آئیں۔ داراشکوہ نے عالمگیر کے سفیر عیسٰی بیگ کو قید کر کے اس کا گھر ضبط کرلیا اور مہاراجہ جسونت سنگھ والئ جودھپور کو فوج اور توپ خانہ دے کر گجرات کی طرف روانہ کیا کہ اگر عالمگیر اپنی جگہ سے حرکت کرے تو اسے روکا جائے۔ ادھر جب مراد اور شجاع نے اپنے اپنے صوبوں میں اپنی بادشاہتوں کا اعلان کیا تو عالمگیر نے نہ صرف یہ کہ خود کوئی کارروائی نہیں کی بلکہ مراد کو خط لکھا کہ بادشاہ سلامت ابھی زندہ ہیں اس لیے ہم لوگوں کو اپنی جگہ سے ہلنا مناسب نہیں ہے۔ اس نے مراد کو سورت پر فوج بھیجنے پہ سرزنش بھی کی۔

شاہجہان کی بیماری کے چار ماہ کے بعد جب عالمگیر نے محسوس کیا کہ داراشکوہ نے شاہجہان کو قیدی بنایا ہوا ہے تو 12 ربیع الاول 1068ھ کو بیجاپور سے روانہ ہو کر برہان پور پہنچا یہاں سے پہلے سے طے شدہ پروگرام کے تحت 20 رجب 1068ھ کو کیال پور کے مقام پر مراد سے ملا۔ مہاراجہ جسونت سنگھ مقابلے کیلئے بڑھا تو عالمگیر نے اسے پیغام بھجوایا کہ ہم صرف شاہجہان کی عیادت کو جارہے ہیں اس لیے ہمیں جانے دے۔ لیکن مہاراجہ نے نہ سنی اور ایک سخت معرکے کے بعد مہاراجہ شکست کھانے کے بعد بھاگا۔

اس وقت شاہجہان مکمل طور سے داراشکوہ کے قبضے میں تھا یہاں تک کہ فرامین پر شاہجہان کے دستخط اپنے ہاتھ سے بناتا تھا۔ آگرے کی ناموافق آب و ہوا سے بچنے کے لیے شاہجہان دلی جا رہا تھا۔ جسونت سنگھ کی شکست کی خبر سن کر داراشکوہ نے شاہجہان کو واپس آگرہ جانے پہ مجبور کر دیا اور خود 60 ہزار کی فوج لے کر عالمگیر کے مقابلے کو نکلا۔ شاہجہان نے بار بار اصرار کے ساتھ سمجھانے کی کوشش کی کہ اس کا جانا مصلحت کے خلاف ہے اور شاہجہان خود اس فتنے کو فرو کرے گا لیکن داراشکوہ نے شاہجہان کی نہ مانی اور 16 شعبان 1068ھ کو داراشکوہ کی فوج کا عالمگیر اور مراد کی فوجوں سے مقابلہ ہوا۔ داراشکوہ شکست کھانے کے بعد آگرہ گیا لیکن شرم کے مارے شاہجہان سے نہ ملا اور اسی رات اپنے اہل وعیال کو لے کر لاہور کے ارادے سے دلی کو روانہ ہوا۔ 17 رمضان 1068ھ کو عالمگیر نے شہزادہ محمد سلطان کو بھیجا کہ شاہی قلعہ پر قبضہ کر لے اور شاہجہان کو پیغام بھیجا کہ قلعہ سے باہر نہ نکلیں۔ آگرے کے قریب پہنچنے پر شاہجہان نے عالمگیر کو بار بار شفقت آمیز خط لکھ کر اور انعام بھیج کر اور ولی عہدی کا لالچ دے کر بلوایا لیکن مقربین نے عالمگیر کو مشورہ دیا کہ شاہجہان کی پیشکش پہ بھروسہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔

جہاں آرا بیگم جس نے اس تمام کھیل میں داراشکوہ کی حمایت اور عالمگیر کی مخالفت کی تھی شاہجہان کے ساتھ تھی اور شاہجہان پہ اس قدر حاوی تھی کہ جو وہ چاہتی تھی وہی ہوتا تھا۔ شاہجہان اس کے مشورے کے بغیر فیصلہ نہیں کرتا تھا۔ اس لیے عالمگیر کو مقربین کا مشورہ نامناسب نہیں تھا بلکہ اس بات کا ثبوت ہے کہ شاہجہان نے عالمگیر کے خلاف ہندی میں ایک خفیہ خط شجاع کو اور ایک سپہ سالار مہابت خان کو جو اس وقت کابل میں تھا لکھا:

داراشکوہ لاہور جارہا ہے۔ لاہور میں پیسے کی کوئی کمی نہیں ہے۔ کابل میں آدمیوں اور گھوڑوں کی فراوانی ہے۔ اور بہادری اور جرنیلی میں مہابت خان کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ اس لیے (مہابت) خان کو اپنی فوج کے ساتھ تیزی سے لاہور کو کوچ کرنا چاہئے اور داراشکوہ کے ساتھ مل کر دونوں غیر ذمہ دار بھائیوں کے خلاف پیش قدمی کرنی چاہئے تا کہ ان کو ان کی بداخلاقی کی سزا ملے اور بادشاہ شاہجہان کو قید سے رہائی ملے۔

لین پول اس بارے میں یوں لکھتا ہے۔

اُس جال میں جو شاہجہان نے عالمگیر کے پھانسنے کے لئے بچھایا تھا شاہجہان خود پھنس گیا۔

اس کے باوجود عالمگیر نے بار بار شہزادہ اعظم کو شاہجہان کی خدمت میں معافی کے لیے بھیجا اور پانچ سو اشرفیاں اور چار ہزار روپے نذر بھیجے۔ اس

اورنگزیب عالمگیر کی حکومت کا نقشہ



کے بعد جب تک شاہجہان زندہ رہا عالمگیر نے اسے ہر قسم کی راحت کے سامان مہیا کئے۔

ڈاکٹر برنیر جس کی تمام ہمدردیاں شاہجہان کے ساتھ تھیں لکھتا ہے:

غرضیکہ اورنگزیب کا برتاؤ شاہجہان کے ساتھ مہربانی اور ادب سے خالی نہ تھا اور حتی الامکان وہ اپنے بوڑھے باپ کی ہر طرح سے خاطر داری کرتا اور نہایت کثرت سے تحفے تحائف بھیجتا رہتا اور سلطنت کے بڑے بڑے معاملات میں اس کی رائے اور مشورے کو مثل ایک پیر و مرشد کی ہدایت کے طلب کرتا تھا اور اس کے عریضوں سے جو اکثر لکھا کرتا تھا ادب اور فرمانبرداری ظاہر ہوتی تھی۔

داراشکوہ کا قتل اور مراد کا قید کرنا

داراشکوہ نے بغاوت کی تھی اور باغی کی سزا ہر قانون میں موت ہے۔ پھر داراشکوہ کو موت کی سزا کیوں نہ ہوتی۔ یہ امر بھی یقینی تھا کہ داراشکوہ جب تک زندہ رہتا سازشیں کرتا رہتا اور ملک میں امن و امان کو ہر دم خطرہ رہتا۔

شکست کے بعد داراشکوہ فوجیں اکٹھی کرنے میں مصروف ہوگیا۔ کافی خان لکھتا ہے:

اس نے زمینداروں اور فوجداروں کو خطوط لکھ کر اور وعدے کر کے منانے کی کوشش کی۔ اس طرح اس نے تقریباً بیس ہزار گھڑسوار جمع کر لیے۔ اس نے اپنے بھائی شجاع سے خطوط کے ذریعے بہت سے وعدے کئے اور قسمیں کھائیں کہ ملک کو زیر کرنے کے بعد وہ اس کو بھائیوں کی طرح آپس میں تقسیم کر لیں گے۔ دغا اور دھوکے سے پُر ان خطوط سے شجاع فریب میں آگیا اور اگرچہ اس کو اورنگزیب کی طرف سے مہربان اور امید افزا خطوط مل چکے تھے وہ احمق فوجیں جمع کرنے میں مصروف ہوگیا اور اس کے بعد دکن سے ایک طاقتور فوج اور توپ خانے کے ساتھ داراشکوہ کی مدد کو روانہ ہوا۔

داراشکوہ کے اس طرزِ عمل سے صاف ظاہر ہے کہ وہ سلطنت کے لالچ میں کچھ بھی کرنے کو تیار تھا اور جب تک وہ زندہ رہتا ملک میں بدامنی اور بغاوت کا اندیشہ رہتا۔ عالمگیر اگر اس کو معاف کر دیتا تو یہ اس کی ناعاقبت اندیشی ہوتی اور ملک میں فساد برپا رہتا۔

مراد کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ عالمگیر نے مراد کو دھوکے سے قتل کروایا۔ مغربی مصنفین کے مطابق عالمگیر نے مراد سے معاہدہ کیا تھا کہ جنگ کے بعد عالمگیر داراشکوہ کو شکست دینے کے بعد حج کو چلا جائے گا اور مراد سلطنت کا مالک ہوگا۔ ایسے معاہدے کا تاریخ میں کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ البتہ عالمگیر اور مراد اور شجاع کے مابین یہ معاہدہ ضرور ہوا تھا جس کا حاصل یہ تھا کہ اگر داراشکوہ ایک بھائی پر چڑھائی کرے تو باقی دونوں بھائی اس کی مدد کو آئیں گے۔ معاہدے میں یہ بھی شامل تھا کہ فتح کے بعد ایک ثلث مال غنیمت اور کابل اور پنجاب اور کشمیر کے علاقے مراد کو دے دیئے جائیں۔ چنانچہ داراشکوہ کی شکست کے بعد جب مراد نے عالمگیر سے علیحدگی اختیار کی تو عالمگیر نے معاہدے کے مطابق مراد کو 20 لاکھ روپے نقد بھیجے اور کہلا بھیجا کہ داراشکوہ کا فیصلہ ہو جانے کے بعد کابل اور پنجاب اور کشمیر بھی حوالے کیا جائے گا۔

مراد ایک سادہ لوح انسان تھا اور آسانی سے لوگوں کے بہکانے میں آجاتا تھا۔ داراشکوہ کو شکست دینے کے بعد اس کو لوگوں نے بہکایا کہ وہ سلطنت کا وارث ہے۔ اس خیال سے اس نے عالمگیر سے علیحدگی اختیار کی اور عالمگیر کے بڑے بڑے امراء کو بھاری تنخواہوں اور انعاموں کا لالچ دے کر اپنے ساتھ ملا لیا۔ عالمگیر کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہ تھا کہ اس کو گرفتار کرتا۔

مراد بخش کی موت کے بارے میں بھی مغربی تاریخ دانوں نے عالمگیر پہ بے جا تنقید کی ہے۔ کافی خان کا باپ جو مراد بخش کا رازدار نوکر تھا اور آخر وقت تک اس کے ساتھ تھا اپنے باپ کے توسط سے مراد بخش کے آخری دنوں کا آنکھوں دیکھا نقشہ پیش کیا ہے۔ وہ کہتا ہے:

جب محمد بخش کو قلعہ میں بھیجا گیا اس کی ایک دل پسند داشتہ سرسوں بائی کو اس کی درخواست پر اس کے ساتھ جانے کی اجازت دی گئی۔ بدنصیب قیدی اپنی خوراک وغیرہ میں سے آدھا حصہ ان مغلوں اور اس مغل عورت کو دے دیتا تھا جو اس کے پیچھے پیچھے قید خانے کو گئے اور خود تنگ دستی کی حالت میں رہتا تھا۔ بہت سے منصوبوں کے بعد مغلوں نے آخر یہ منصوبہ بنایا کہ قلعے کی دیوار سے رسی کی سیڑھی باندھی جائے۔ رات کے دوسرے گشت کے بعد لوگوں کے سونے سے قبل مراد بخش نے سرسوں بائی کو اپنے بھاگنے کے منصوبے سے آگاہ کیا اور وعدہ کیا کہ وہ واپس آکر اسے بھی چھڑا لے جائے گا۔ یہ سن کر سرسوں بائی نے اس قدر زور سے رونا اور چلانا شروع کر دیا کہ پہریداروں نے سب کچھ سن لیا اور مشعل کی روشنی کی مدد سے سیڑھی ڈھونڈ لی۔ اورنگزیب کو جب اس سازش کی اطلاع ملی اس کو اپنے تخت کی فکر ہوئی۔ بادشاہ کے کچھ دوستوں کے کہنے پہ علی نقی جس کو مراد بخش نے قتل کرا دیا تھا کے بیٹوں نے مراد بخش پہ قتل کا مقدمہ کر دیا......آخر کار مقدمہ بادشاہ کے سامنے پیش ہوا اس نے حکم دیا کہ مقدمے کو جج کے سامنے پیش کیا جائے۔ قانون کے مطابق فیصلے کے بعد ربیع الثانی 1067 میں حکم دیا گیا کہ جج مقتول کے وارث کو لے کر مراد بخش کے پاس جائے اور قتل ثابت ہونے پر اسے قانون کا فیصلہ سنائے۔

اس آنکھوں دیکھے حال سے ظاہر ہے کہ مغربی مصنفوں کی روایات میں کوئی حقیقت نہیں ہے اور مراد بخش کی موت کی وجہ اس کی اپنی حماقت اور قانون کی گرفت تھی نہ کہ عالمگیر کا ظلم۔

عالمگیر اور مرہٹے

عالمگیر پر ایک یہ الزام بھی لگایا جاتا ہے کہ عالمگیر نے اپنی ناعاقبت اندیشی سے ریاست حیدر آباد جو ایک شیعہ ریاست تھی کو برباد کر کے ایک تو اپنے مذہبی تعصب کا ثبوت دیا اور دوسرا حیدر آباد کی طاقت کو مٹا کر مرہٹوں کی طاقت بڑھائی۔ تاریخ پر نظر دوڑانے سے اصل واقعات کچھ یوں سامنے آتے ہیں۔

دکن میں پانچ ریاستیں قائم تھیں جو آپس میں لڑتی رہتی تھیں۔ ان آپس کی خانہ جنگیوں کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ علی عادل شاہ نے حسین نظام شاہ سے تنگ آکر رام راج کو مدد کے لیے بلایا۔ ان خانہ جنگیوں کی وجہ سے سب سے پہلے اکبر نے بعض ریاستوں پر قبضہ کیا۔ بعد میں جہانگیر اور شاہجہان کے زمانے میں بھی سوائے حیدر آباد اور بیجاپور کی ریاستوں کے یہ ریاستیں سلطنت تیموری میں شامل تھیں۔

عادل شاہ والی بیجاپور نے سیواجی کے باپ ساہو کو پونہ اور سوپہ دو صوبے جاگیر میں دیئے تھے۔ سیواجی نے ان علاقوں میں بہت سے قلعے بنوائے۔ عادل شاہ کے مرنے کے بعد درباریوں نے سکندر کو وارث قرار دے کر تخت سلطنت پر بٹھایا۔ ادھر سیواجی کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا سنبھا جانشین ہوا۔ سکندر نے سنبھا کے ساتھ مل کر عالمگیر کے خلاف سازشوں میں حصہ لیا اور عالمگیر کے مقابلے میں اس کو مدد دیتا رہا جس پر عالمگیر نے سکندر کو بار بار تنبیہ بھی کی۔ لیکن جب کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی تو آخر بیجاپور کو فتح کر کے سلطنت میں شامل کر لیا۔

عالمگیر کے زمانے میں حیدر آباد کا فرمانروا ابوالحسن شاہ تھا۔ یہ شخص بچپن سے قلندروں کے ساتھ آوارہ پھرتا تھا اور تخت نشینی کے بعد بھی یہی طور قائم رہے۔ ابوالحسن کے زمانے میں سیواجی عالمگیر کے دربار سے بھاگ کر دکن آگیا تھا۔ اس نے ابوالحسن کے ساتھ مل کر سازش کی اور ابوالحسن کی فوجی اور مالی مدد سے عالمگیر کی حدودِ حکومت میں گھس کر جالنہ کو برباد کیا۔ سیواجی کے بعد بھی ابوالحسن عالمگیر کے مقابلے پر سنبھا کی مدد کرتا رہا۔ چنانچہ جب عالمگیر بیجاپور کے محاصرے میں مشغول تھا تو ابوالحسن نے اپنے ایک سردار کو لکھا کہ ایک طرف سے سنبھا بیشمار فوج لے کر بڑھتا ہے اور دوسری طرف سے میں چالیس ہزار فوج بھیجتا ہوں دیکھو حضرت عالمگیر کس کس کا مقابلہ کرتے ہیں۔ اس پر عالمگیر نے شہزادہ معظم شاہ کو حیدر آباد کی مہم پر بھیجا۔ شہزادہ معظم شاہ نے ابوالحسن کو لکھا کی اگر وہ ذیل کی شرائط کو قبول کر لے تو اس کی معافی کی سفارش کی جائے گی۔

(مادنا وزارت سے معزول ہو کر مقید کر دیا جائے)

سیرم اور دیگر ممالک جن پر ناجائز قبضہ کیا گیا ہے واپس کر دیے جائیں

پیشکش مقررہ کی باقیات ادا کر دی جائیں۔

ابوالحسن نے یہ شرائط ماننے سے انکار کیا تو شہزادہ معظم شاہ نے صرف اس شرط پر صلح کی پیشکش کی کہ سیرم وغیرہ واپس کر دیئے جائیں۔ جب اس شرط کو بھی ٹھکرا دیا گیا تو شہزادہ معظم کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ حیدر آباد پر چڑھائی کرے۔

تاریخ کے ان اوراق پر نظر ڈالنے سے یہ صاف ظاہر ہے کہ اس الزام میں کوئی حقیقت نہیں ہے کہ دکن کی ریاستیں مرہٹوں کو دبائے ہوئے تھیں اور جب ان ریاستوں کا زور ٹوٹا تو مرہٹے زور پکڑ گئے جنہوں نے بعد میں تیموری سلطنت کا خاتمہ کیا۔ اس کے برعکس دکن کی ریاستیں مرہٹوں کے ساتھ مل کر تیموری سلطنت کیخلاف سازشوں میں مصروف تھیں اور مرہٹوں کا زور توڑنے کے لیے ضروری تھا کہ ان ریاستوں پر حملہ کر کے مرہٹوں کو وہاں سے نکال دیا جائے۔

ہندوؤں سے سلوک

مغربی تاریخ دانوں کے مطابق عالمگیر نے مذہبی تعصب کی بنا پر ہندوؤں کے بت خانے مسمار کروائے۔ شاہجہان کے دورِ حکومت میں ہی مسلمانوں اور ہندوؤں کے مابین چپقلش شروع ہو گئی تھی۔ ایک طرف شاہجہان نے بنارس میں جدید تعمیر شدہ بت خانے تڑوائے تو دوسری طرف ہندو جبراً مسلمان عورتوں سے نکاح کر لیتے تھے اور مساجد کو توڑ کر ان کی جگہ بت خانے بنواتے تھے۔ شاہجہان کو جب خبر ملتی تو ان عورتوں کو ہندوؤں کے قبضے سے نکالتا اور جن مساجد کو بت خانہ بنایا تھا انہیں دوبارہ مساجد میں تبدیل کرا دیتا۔ داراشکوہ کی ہمدردیاں چونکہ ہندوؤں کے ساتھ تھیں۔ اس وجہ سے ہندوؤں کو زیادہ شہ ملی اور انہوں نے اپنے پاٹ شالوں میں مسلمان بچوں کو ہندو مذہب کی تعلیم دینی شروع کر دی۔ عالمگیر نے اپنی تخت نشینی کے بارہویں برس ان مدرسوں کو بند کرایا تو اس کے نتیجے میں ہندوؤں نے شورش کی۔ عالمگیر نے شورش کو دبانے کیلئے ان پر فوج کشی کی اور متھرا، جودھپور اور اودیپور کے بت خانے توڑے گئے۔ تاریخ پر نظر ڈالنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بت خانے صرف انہی علاقوں میں گرائے گئے جہاں بغاوت ہوئی۔ چونکہ اس زمانے میں بغاوت کا گڑھ عموماً عبادت گاہ ہوا کرتی تھی اس لئے گڑھ کو تباہ کرنا ضروری ہوتا تھا۔ عالمگیر دکن میں 25 برس رہا لیکن تاریخ گواہ ہے کہ وہاں ایک بت خانہ بھی نہیں گرایا گیا۔ حالانکہ گولکنڈہ اور بیجاپور کو فتح کرنے کے وقت بت خانوں کو گرانے کا اس سے اچھا موقع کہاں مل سکتا تھا۔

کیا عالمگیر نے ایسے احکامات جاری کئے تھے کہ ہندوؤں کو ملازمتوں سے نکال کر ان کی جگہ مسلمانوں کو رکھا جائے۔ 1082ھ میں عالمگیر نے یہ حکم دیا کہ صوبہ داروں اور تعلق داروں کے پیشکار اور دیوان اور محالات خالصہ کے مال گزاری وصول کرنے والے ہندو نہ مقرر کئے جائیں۔ اس حکم کے بعد ایک اور حکم جاری کیا گیا کہ ہندوؤں کو بھی پیشکار رہنے دیا جائے لیکن ساتھ ایک مسلمان پیشکار بھی مقرر کیا جائے۔ ان احکامات اور تدابیر کا مقصد صرف یہ تھا کہ ہندوؤں کی رشوت خوری کا سدباب

کیا جائے۔ مغربی مصنفوں نے اس حکم کو اس طرح توڑ مروڑ کر اور بے انصافی سے پیش کیا ہے تا یہ تاثر ملے کہ ملازمت کے معاملے میں مسلمانوں کو ہندوؤں پر ترجیح ملے گی۔ چنانچہ ماؤنٹ سٹیورٹ الفنسٹن جو بعد میں بمبئی کا گورنر بنا لکھتا ہے کہ

یہ گشتی حکم بھی سارے حاکموں اور اختیار والوں کے پاس بھیجا کہ آئندہ سے ہندو بھرتی نہ کیے جائیں اور ان تمام عہدوں پر مسلمان بھرتی کیے جائیں جو تمہاری تختِ حکومت میں ہوویں۔

حقیقت یہ ہے کہ عالمگیر کے دورِ حکومت میں ہندو عہدیدار ہر قسم کے اعلیٰ فوجی اور سیاسی عہدوں پر فائز تھے۔ ان عہدوں میں قلعوں کی قلع داری اور اضلاع کی نظامت اور فوجداری شامل ہیں۔ اور تو اور ان عہدوں پہ نظر ڈالنے سے حیرت ہوتی ہے کہ ان اعلیٰ عہدوں پہ سیواجی کے متعدد عزیزوں اور رشتہ داروں کے نام بھی نظر آتے ہیں۔

عالمگیر پہ ایک الزام یہ ہے کہ اس نے ہندوؤں کے میلوں پر پابندی لگا دی تھی۔ یہ الزام درست ہے لیکن اس کی وجہ مذہبی تعصب کے بجائے اس کا فطرتی میلان تھا۔ عالمگیر کو میلوں اور ناچ گانوں کی محفلوں سے اور ظاہری نمائش و تکلفات سے نفرت تھی۔ اسی وجہ سے اس نے دربار میں گویّوں اور نجومیوں پر پابندی لگا دی اور ملک الشعراء کا عہدہ توڑ دیا۔ دربار میں آداب و کورنش کا جو طریق تھا اسے موقوف کیا اور اسی مد میں ہندوؤں کے میلے بھی بند ہوئے۔

مغربی مصنفوں نے عالمگیر کے ساتھ نہایت درجہ کی ناانصافی کا سلوک کیا ہے اور اس کی کردار کشی کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ لیکن تاریخ پر اگر ایک غیر متعصب نظر ڈالی جائے تو یہ حقیقت آشکار ہو جاتی ہے کہ عالمگیر ایک مذہبی آدمی تھا لیکن اس کی شخصیت اور کردار مذہبی تعصب سے پاک تھا۔ انصاف کی نظر ڈالنے سے عالمگیر کی شجاعت ثابت قدمی، استقلال، انصاف پسندی، سنجیدگی اور متانت، رحم اور وسیع النظر اعلیٰ اخلاق اور عابدانہ اور زاہدانہ زندگی کی خصوصیات نمایاں ہو کر سامنے آتی ہیں۔

مجلس انصاراللہ برطانیہ کے زیر اہتمام

Charity Walk for Peace 2016

مجلس انصاراللہ برطانیہ کی سالانہ چیریٹی واک برائے امن (Charity Walk for Peace) نہایت کامیابی کے ساتھ 29 مئی 2016ء کو ایسٹ لندن کی نیوہیم کونسل میں منعقد ہوئی۔ اس طرح مجموعی طور پر اس واک کو کامیاب بنانے کے لئے قریباً پانچ صد انصار نے حصہ لیا۔

امسال کی واک کا رُوٹ نیوہیم کونسل کی بلڈنگ سے متصل پُر فضا مقام پر دریا کے کنارے مقرر کیا گیا تھا۔ چونکہ اب یہ چیریٹی واک فار پیس کے نام سے ایک ''رجسٹرڈ چیریٹی'' کے طور پر واک منعقد کر رہی ہے اس لئے امسال مجلس انصاراللہ یوکے نے کوشش کی تھی کہ اس واک میں زیادہ سے زیادہ دوسری چیریٹیز اور غیر از جماعت افراد بھی شامل ہوں۔ اس حوالہ سے ایک خصوصی پروموشنل پمفلٹ دو لاکھ کی تعداد میں شائع کرنے کے بعد یوکے بھر میں انصار کے ذریعہ تقسیم کیا گیا۔

اس کے علاوہ مقامی طور پر چیریٹی واک ڈنر کا انتظام کیا گیا جس میں لوکل ممبران پارلیمنٹ، میئرز، کونسلرز اور 42 لوکل چیریٹیز کو دعوت دی گئی۔ اس پروگرام میں 195 مہمان شامل ہوئے جن میں 42 چیریٹیز کے نمائندگان شامل تھے۔ اس پروگرام کی صدارت مکرم چوہدری اعجاز الرحمٰن صاحب صدر مجلس انصاراللہ یوکے نے کی۔

امسال واک کی پرموشن کے لئے مقامی اخبارات میں اشتہارات بھی شائع کروائے گئے۔ ان اخبارات میں ''نیوہیم ریکارڈر''، ''گارڈین''، ''نیشن'' اور ''جنگ'' وغیرہ شامل تھے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ بہت سی چیریٹیز نے اپنی ویب سائٹ پر بھی اس واک کی پروموشن کی۔ اس کے علاوہ فیس بک اور ٹویٹر کا بھی استعمال کیا گیا۔

گزشتہ سالوں کی وصولی کو دیکھتے ہوئے امسال پانچ لاکھ پاؤنڈ کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا تھا۔ اس ٹارگٹ کو حاصل کرنے کے لئے چند نئے طریقے بھی استعمال کئے گئے جن میں سب سے مقبول میچ فنڈنگ ہے۔ اسی وجہ سے یوکے کی 47 چیریٹیز نے حصہ لیا اور اپنے ذرائع سے ہمارے کولیکشن فارم پر نہ صرف فنڈز اکٹھے کئے بلکہ چیریٹی واک میں بھرپور طریقے سے شرکت کی اور اپنی چیریٹیز کے سٹالز بھی لگائے۔

لوکل فنڈز کولیکشن کے لئے پچھلے سالوں میں اس مد میں نمایاں رقوم جمع کرنے والوں کیلئے ایک ڈنر کا انتظام کیا۔ اس موقع پر ان کو اس چیریٹی واک کی اہمیت اور فنڈز کولیکشن کی طرف توجہ دلائی گئی۔

تمام انصار کو کولیکشن فارم کے علاوہ چیریٹی واک کے لیف لیٹس بھی بھجوائے گئے تاکہ انصار اپنے ہمسایوں سے رابطہ کر کے فنڈز اکٹھے کر سکیں۔ اس کے علاوہ فنڈز کولیکشن بذریعہ ٹیکسٹ میسجنگ اور Just Giving Account کے ذرائع کو بھی استعمال کیا گیا۔

چیریٹی واک والے دن بھی شعبہ مال نے سٹال لگایا ہوا تھا جس پر واک میں شامل ہونے والے بہت سے احباب نے فنڈز جمع کروائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس موقع پر 2 لاکھ پاؤنڈز کی collection ہوئی۔

اسی طرح انصار کی سہولت کے لئے تمام ریجنز سے ٹرانسپورٹ کا انتظام بھی کیا گیا۔ ان تمام کوششوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجموعی طور پر 2583 افراد نے اس واک میں شرکت کی۔ نیز 500 سے زائد مقامی کمیونٹی اور چیریٹیز کے نمائندگان بھی شامل ہوئے جو ایک ریکارڈ ہے۔

واک کے مقام پر مختلف سٹالز لگائے گئے تھے جن میں سٹالز برائے رجسٹریشن، استقبالیہ، فرسٹ ایڈ، فنڈز کولیکشن، ہیلتھ اینڈ سیفٹی کے علاوہ مختلف چیریٹیز کے سٹالز شامل تھے۔

رجسٹریشن کا آغاز 29 مئی 2016ء کی صبح 8 بجے کیا گیا۔ Online رجسٹریشن کروانے والوں کے لئے علیحدہ انتظام کیا گیا تھا۔ نیز ٹرانسپورٹ کوچز کے اندر بھی رجسٹریشن کروانے کا اہتمام کیا گیا تھا تاکہ رجسٹریشن کاؤنٹرز پر رَش نہ ہو۔

تقریباً 11 بجے افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد نیوہیم کے میئر سر رابن ویلز اور ایسٹ ہیم رُکن پارلیمنٹ سٹیفن ٹِمز نے خطاب کیا، آخر پر مکرم امیر صاحب نے چیریٹی واک برائے امن کا تعارف کروایا اور دعا کے ساتھ واک کا آغاز کروایا۔ افتتاحی تقریب میں بہت سے میئرز، ممبران پارلیمنٹ اور کونسلرز نے بھی شرکت کی۔

امن کے حوالہ سے منعقد ہونے والی اِس چیریٹی واک کے آغاز کے لئے تمام مہمانان (بلاتفریق مذہب، قوم، رنگ و نسل) سٹارٹنگ لائن پر آئے۔ اسی طرح واک کے اختتام پر بھی تمام شاملین کو میڈلز دینے کے لئے بھی یہ تمام مہمان موجود رہے اور اپنے ہاتھوں سے لوگوں کو میڈلز پہنائے۔

امسال اہم بات یہ بھی تھی کہ میچ فنڈنگ سکیم کی وجہ سے بہت سی چھوٹی مقامی چیریٹیز کو شامل ہونے کا موقع ملا۔ ان چیریٹیز نے فنڈز بھی اکٹھے کئے اور اپنی چیریٹیز کے سٹالز بھی لگائے جس پر لوگوں نے بہت دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس سال مجموعی طور پر 47 چیریٹیز شامل ہوئیں جن میں Food Bank, Fair Share, Diabetes UK, Rainbow Trust, War Child اور Action for Children وغیرہ شامل تھیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے واک میں شریک تمام احباب کو بروقت کھانا مہیا کیا گیا۔ کھانا پیش کرنے کے لئے بیت فضل لندن کے ریجن سے 73 انصار نے مسلسل سات گھنٹے کام کیا۔ نیز تمام معزز مہمانوں کے لئے بھی کھانے کا علیحدہ انتظام تھا۔ نیز واک کے شرکاء کے لئے ہر میل کے فاصلہ پر ریفریشمنٹس کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

واک کے اختتام پر ہال میں ایک پُروقار تقریب منعقد کی گئی جس کی صدارت مکرم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت احمدیہ برطانیہ نے کی۔ اس تقریب میں بھی مہمانوں کی ایک بڑی تعداد شامل ہوئی۔

اللہ تعالیٰ اس پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے مساعی کرنے والے تمام افراد کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

حسن خلافت سے

ہے ہر جانب سرور و نغمگی حسن خلافت سے
بکھرتی جا رہی ہے روشنی حسنِ خلافت سے

ہیں اس کے حسن کے جلوے فضاؤں میں ہواؤں میں
بہاروں کو ملی ہے تازگی حسن خلافت سے

نظر آتی ہے ہر سُو نور کے جلووں کی رعنائی
لو چھٹتی جا رہی ہے تیرگی حسن خلافت سے

ہمیں اس نے وفاؤں کے قرینوں سے نوازا ہے
کھلا ہے ہم پہ ذوقِ بندگی حسن خلافت سے

ہمیں ہیں آج دنیا میں صداقت کا عَلَم تھامے
ملی ہے ہم کو فکر و آگہی حسن خلافت سے

ورود قدرت ثانی یہ سب اس کی عنایت ہے
زمانے کو ملی ہے زندگی حسن خلافت سے

عبدالصمد قریشی

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 124631 میں امتہ ایوب

